5 اگست 2020

محترم CPS فیملیز،

موسم خزاں میں ہماری اولین ترجیح اپنے اسکول کی تمام کمیونٹیز کو صحت مند اور محفوظ رکھتے ہوئے ہر بچے کو اعلیٰ معیار کی تعلیم کی فراہمی رہی ہے۔ آج، صحت عامہ کے ماہرین کے مشورے کا بغور جائزہ لینے اور آپ میں سے بہت سے لوگوں کے تبصرے کے بعد، شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools) (CPS) پہلی سہ ماہی کے اختتام تک سال کا آغاز گھر پر تعلیمی عمل سے کریں گے۔

دوسری سہ ماہی کے آغاز سے قبل، ہم COVID-19 کی صورتحال اور مخلوط تعلیمی ماڈل پر منتقلی کا بالکل ویسے ہی جائزہ لیں گے جیسے ہم نے اپنے دوبارہ آغاز کے ابتدائی فریم ورک میں پیش کیا تھا۔

**صحت عامہ کے اہلکاروں اور قابلِ استطاعت فیملیز کی بات سننا، منصوبہ بندی کرنے کا وقت**

جیسا کہ ہم آپ کے اور ہماری فیملیز کے ساتھ مخلص ہیں، تو اسکولز دوبارہ کھولنے کا ہمارا فیصلہ ہمارے اسکول کی کمیونٹیز کی صحت اور تندرستی کو اور سائنسی طریقہ کار کے تحت اور ہمارے صحت عامہ کے اہلکاروں کی رہنمائی کو ترجیح دیتے ہوئے لیا جائے گا۔ اساتذہ اور پُرعزم تعلیمی ماہرین کے طور پر، ہم سب چاہتے ہیں کہ طلبہ اسکول آئیں، لیکن اس وقت، شکاگو شعبۂ صحت عامہ (Chicago Department of Public Health) (CDPH) اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد کو دیکھتے ہوئے جنہیں ہم روزانہ خدمت فراہم کرتے ہیں، COVID-19 کے موجودہ منتقلی کے رجحانات ہمیں محفوظ اور ذمہ دارانہ اسلوب میں اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ اور بجائے اس کے کہ ہم اگست کے اختتام تک اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کرنے کا انتظار کرتے، ہم چاہتے تھے کہ ہمارے والدین اور فیملیز کو موسم خزاں کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے بھرپور وقت ملے۔

**ہماری CPS فیملیز اور اساتذہ کو سننا**

ورچوئل کمیونٹی میٹنگز اور بے شمار سرویز کروانے کے ذریعے، 87,000 سے زائد CPS طلبہ، فیملیز، اور عملے کے اراکین نے موسم خزاں میں اسکول واپس آنے پر تاثرات فراہم کیے۔ جہاں بہت سی فیملیز نے سال کا آغاز مخلوط ماڈل کے تحت کرنے کی خواہش ظاہر کی، وہیں فیملیز کی ایک بڑی تعداد نے بچوں کو واپس اسکول بھیجنے میں ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کیا—تقریباً ہر پانچ افریقن امریکن اور لاطینی فیملیز میں سے ایک نے اپنے بچوں کو ذاتی طور پر اسکول واپس بھیجنے کا ارادہ کیا تھا۔ تعلیمی سال کا فاصلاتی طور پر آغاز کرنے کا ہمارا فیصلہ اس تبصرے کی عکاسی کرتا ہے جو ہمیں ہمارے ابتدائی فریم ورک کے ردعمل کے طور پر موصول ہوا تھا۔

**موسمِ بہار میں سیکھا جانے والا سبق اور ہم طلبہ کے لیے فاصلاتی تعلیم میں بہتری کی منصوبہ بندی کیسے کر رہے ہیں**

طلبہ اس موسم خزاں میں گھر پر تعلیم حاصل کریں گے، لیکن ہم طلبہ کو ایک مشغول رکھنے والے تعلیمی تجربے کو فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں جو کہ نمایاں طور پر اس سے مختلف ہے جس کا تجربہ طلبہ اور فیملیز نے گزشتہ سال کیا تھا۔ ہر روز، طلبہ ہم جماعتوں اور اساتذہ، گروپ کی چھوٹی سرگرمیوں، اور آزادانہ سیکھنے کے عمل کے ساتھ براہ راست حقیقی وقت میں ہدایت کے مجموعے کے ساتھ اسکول کے ایک پورے عمومی دن کی طرح مصروف عمل رہا کریں گے۔ کمرۂ جماعت کی حاضری اور گریڈ کردہ اسائنمنٹس کے ساتھ روزانہ کی توقعات قائم کی جائیں گی، جو طلبہ کو روزمرہ کے معمولات کو بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوں گی۔ جمعہ کو فاصلاتی تعلیم کے حوالے سے ایک مزید تفصیلی توقعات کے مجموعے کا فیملیز کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا۔

**ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ تک یکساں رسائی میں توسیع لانا**

گزشتہ تعلیمی سال کے برعکس جب ڈسٹرکٹ نے اسکولوں کو ہنگامی حالات کے ردعمل کے طور پر لچک کا مظاہرہ کرنے کی اجازت دینے کے لیے ڈیجیٹل اور غیر ڈیجیٹل تعلیمی طریقہ کاروں سے استفادہ حاصل کیا تھا، اس تعلیمی سال میں اساتذہ کو روزانہ ڈیجیٹل ہدایت فراہم کی جائے گی۔

ہم جانتے ہیں کہ طلبہ کو ڈیجیٹل تعلیم میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ڈیوائسز اور تیز رفتار انٹرنیٹ تک مسلسل رسائی کی ضرورت ہے، اور ہم تمام طلبہ کو ڈیوائسز فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ گزشتہ تعلیمی سال میں، ہم نے طلبہ میں 128,000 سے زائد کمپیوٹنگ ڈیوائسز تقسیم کی تھیں، اور اسکول کے آغاز سے قبل ہم ایسے بچوں کو اضافی 36,000 ڈیوائسز فراہم کریں گے جنہیں ابھی بھی اس کی ضرورت ہے۔ ہم اپنے طلبہ کی ضروریات کی نگرانی کرنا جاری رکھیں گے اور طلبہ کی ڈیوائسز تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔

گرمیوں میں، ہم نے اپنے Chicago Connected کے آغاز کے ذریعے محدود آمدن کے پس منظر سے تعلق رکھنے والے تقریباً 100,000 CPS طلبہ کو مفت، تیز رفتار انٹرنیٹ تک رسائی کی پیشکش کا بھی آغاز کیا تھا۔ ایسی فیملیز جو اس پروگرام کے لیے اہل قرار پائی ہیں ان سے انفرادی طور پر رابطہ کیا گیا، اور 35 کمیونٹی پر مبنی اداروں (Community-Based Organizations) (CBOs) کو تعلیمی سال سے قبل طلبہ کو مربوط کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

**اس جمعہ کو آنے والا دوبارہ آغاز کا حتمی فریم ورک**

فیملیز کو اس جمعہ کے دن فاصلاتی تعلیم کی تفصیلی توقعات کے ساتھ ہمارے دوبارہ آغاز کے حتمی فریم ورک کو موصول کرنے کی توقع کرنی چاہیئے۔ بعد میں اس مہینے میں، اساتذہ اور پرنسپلز فاصلاتی تعلیم کی توقعات کے لیے خصوصی تربیت اور رہنمائی موصول کریں گے، اور ہم پہلی سہ ماہی کے اختتام تک اپنے فاصلاتی تعلیم کے منصوبے پر عمل کریں گے۔ اس موسم خزاں میں آگے چل کر، CPS دوسری تعلیمی سہ ماہی کے لیے مخلوط تعلیمی ماڈل کو اپنانے کے امکان پر CDPH سے مشاورت کرے گا، جس کا آغاز پیر، 9 نومبر سے ہو گا۔

ہم ہر طالب علم کو اپنی بہترین صلاحیت کو بروئے کار لانے میں مدد دینے کے لیے پُرعزم رہیں گے، حتیٰ کہ ان غیر معمولی حالات میں بھی، اور ہم پُراعتماد ہیں کہ آپ کے تعاون کے ساتھ، CPS عروج پر رہنے والا اسکول کا ڈسٹرکٹ بنا رہے گا۔ ہمارے 2020-21 کے تعلیمی سال کے منصوبوں کو ممکنہ حد تک مضبوط بنانے میں مدد دینے کے لیے آپ کا شکریہ۔

مخلص،

جینس کے۔ جیکسن (Janice K. Jackson)
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لاتانیہ ڈی۔ مک ڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز